# Parts Of Speech اردو میں سیکھیں

englishilm.com

## There are 8 types of Parts of Speech

| | |
|---|---|
| NOUN | ADVERBS |
| PRONOUNS | PREPOSITION |
| VERBS | CONJUNCTION |
| ADJECTIVES | INTERJECTION |

englishilm.com

## 1 NOUN

کسی بھی شخص، جگہ یا چیز کے نام کو Noun کہتے ہیں۔ جیسے
Aslam, Pakistan, Mountain, River, Flower وغیرہ وغیرہ۔

## KINDS OF NOUN

Noun کی مندرجہ ذیل بہت سی اقسام ہیں

1. Proper and Common Nouns
2. Countable and Uncountable Nouns
3. Abstract and Concrete Nouns
4. Possessives
5. Collective Nouns
6. Masculine and Feminine Nouns
7. Singular and Plural Nouns

englishilm.com

Written by Muhammad Matloob

# Parts Of Speech اردو میں سیکھیں

englishilm.com

## 1 PROPER NOUN

ایک ہی قسم کی چیزوں کے نام کو Common Noun کہتے ہیں۔
جیسے man, woman, boy, girl, house,
country, mountain, sea, country وغیرہ وغیرہ۔
جبکہ مخصوص اشخاص، جگہوں اور چیزوں کے نام کو Proper Noun کہتے ہیں۔
جیسے Aslam, Rani, Waheed, Neelam,
Governor House, Humalya mountain,
Arabian Sea, Pakistan وغیرہ وغیرہ۔

## COMMON NOUN

englishilm.com

جب ہم man, woman, boy , girl کا استعمال کرتے ہیں تو اشارہ کسی بھی man, woman, boy, girl کی طرف ہوتا ہے، اس ہی لیے یہ common noun کہلاتا ہے۔ لیکن جب ہم Aslam, Rani, Waheed, Neelam کہتے ہیں تو ہم ان ہی man, woman, boy, girl میں سے کچھ مخصوص افراد کی طرف اشارہ کرتے ہیں اور یہ proper noun کہلاتے ہیں۔
اس ہی طرح mountain ایک common noun ہے مگر ایک مخصوص پہاڑ Humalya ایک proper noun ہے۔
Govervor House, Arabian Sea, Pakistan
بھی proper nouns ہیں۔

Written by Muhammad Matloob

# Parts Of Speech اردو میں سیکھیں

englishilm.com

## 2 COUNTABLE NOUNS

ایسے noun جنہیں تعداد میں شمار کیا جا سکتا ہے Countable Noun کہا جاتا ہے۔

جیسے four men, three flowers, a lion, two buildings, three liters, five plans

Countable Nouns کی مقدار number میں بتائی جا سکتی ہے جیسے اوپر دیے ہوے noun. ان کی plural form بھی ہوتی ہے یعنی plural بنانے کے لیے s یا es لگایا جاتا ہے۔ انکے ساتھ this/that یا these/those لگایا جا سکتا ہے۔ انکے ساتھ articles یعنی a, an, the کا استعمال کیا جا سکتا ہے۔

englishilm.com

## UNCOUNTABLE NOUNS

ایسے noun جنہیں شمار نہیں کیا جا سکتا Uncountable Noun کہا جاتا ہے اگرچہ انکی مقدار پیمائش کے یونٹ میں بتائی جا سکتی ہے

englishilm.com

جیسے some, much, a liter, a kilo اس کی مثال ہیں rice, metals, gold اور ایسی دوسری اشیا ء۔ ہم یہ نہیں کہہ سکتے give me one rice, give me one gold, give me one milk

ہاں ہم ان کی مقدار کسی پیمائش کے یونٹ کے بعد of لگ کر بتا سکتے ہیں جیسے۔ give me one kilo of rice, give me one liter of milk, one gram of gold

Written by Muhammad Matloob

# Parts Of Speech اردو میں سیکھیں

englishilm.com

## UNCOUNTABLE NOUN

اس ہی طرح قدرتی خوبیاں بھی uncountable noun ہیں جیسے beauty, bravery. ہم انہیں شمار نہیں کر سکتے جیسے one beauty, three bravery۔
انہیں صرف singular form میں استعمال کیا جا سکتا ہے، انکی plural form نہیں بن سکتی یعنی s یا es کا اضافہ کر کے plural نہیں بنایا جا سکتا ہے۔ ہم rice's, waters, milks, airs جیسے غلط الفاظ نہیں بنا سکتے ہیں۔ ان کے ساتھ these/those نہیں لگایا جا سکتا اور نہ ہی ان سے پہلے articles a, an کا استعمال کیا جا سکتا ہے جیسے a rice, an air غلط ہیں۔

englishilm.com

## 3 Abstract and Concrete Nouns

ایسے Noun جنہیں ہم چھو نہیں سکتے Abstract Noun کہلاتے ہیں۔

englishilm.com

مثالیں

- **Actions:** Attack, Defense, Triumph
- **Qualities:** Breadth, Bravery, Talent
- **States:** Youth, Old, Poverty
- **Feelings:** Curiosity, Sorrow

ایسے Noun جنہیں ہم چھو سکتے Concrete Noun کہلاتے ہیں۔

مثالیں

englishilm.com

- **Mountain, Sea, River, Hand**
- **Book, Dog , Nose**

Written by Muhammad Matloob

# Parts Of Speech اردو میں سیکھیں

englishilm.com

## 4 POSSESSIVES

Noun کی possessive form ناؤن کے بعد apostrophe کی علامت (') لگانے اور s کا اضافہ کرنے سے بنتی ہے اور اس کا مطلب "کا" ہوتا ہے، جیسے "Karim's pen" جس کے معنی "کریم کا پین" ہے۔

اگر noun پلورل یعنی ایک سے زیادہ ہے تو صرف apostrophe کی علامت بغیر s کے لگے گی جیسے "books ' condition" جس کے معنی "کتابوں کی حالت" ہے۔ اور اگر کسی plural noun کے آخر میں s موجود نہیں ہے تو apostrophe کی علامت کے بعد s لگے گا

englishilm.com

جیسے:

- His feet's condition was bad.

اس کے پاؤں کی حالت خراب تھی۔

## 5 COLLECTIVE NOUNS

ایسا noun جو اشخاص اور چیزوں کے گروپ کو ایک یونٹ کے طور پر پیش کرے Collective Noun کہلاتا ہے، جیسے team, class, committee, family, flock, herd وغیرہ

Collective Noun عام طور پر singular استعمال ہوتا ہے۔

جیسے:-

- South African cricket **team** is reaching Karachi today
- Meeting of the **committee** was in process
- My **family** is departing for Lahore this evening

Written by Muhammad Matloob

# Parts Of Speech اردو میں سیکھیں

englishilm.com

## 6 MASCULINE & FEMININE

انگریزی میں مذکّر (masculine) سے مؤنث (feminine) بنانے کے کئی طریقے ہیں۔

(1) Feminine کے لیے بالکل ہی مختلف لفظ،

(2) ess- کے اضافے سے

(3) Masculine کا آخری vowel ہٹا کر اور "ess" لگا کر۔

آیئے تینوں کو باری باری دیکھتے ہیں۔ ان میں ess- لگا کر feminine بنانا سب سے زیادہ عام ہے۔

englishilm.com

### Feminine کے مختلف الفاظ

| Masculine | Feminine | Masculine | Feminine |
|---|---|---|---|
| Bachelor | Maid | Nephew | Niece |
| Son | Daughter | Wizard | Witch |

### ess- کے اضافے کے ساتھ

| Masculine | Feminine | Masculine | Feminine |
|---|---|---|---|
| Author | Authoress | Count | Countess |
| Poet | Poetess | Host | Hostess |

### Masculine کے آخری vowel کو ہٹا کر اور ess- لگا کر

| Masculine | Feminine | Masculine | Feminine |
|---|---|---|---|
| Waiter | Waitress | Actor | Actress |
| Hunter | Huntress | Master | Mistress |
| Founder | Foundress | Traitor | Traitress |

Written by Muhammad Matloob

# Parts Of Speech اردو میں سیکھیں

englishilm.com

## 7 SINGULAR, PLURAL NOUNS

Nounجو ایک شخص یا چیز کو ظاہر کرتا ہے Singular Noun کہلاتا ہے، جیسے Pen, Pencil, Copy, Bag وغیرہ۔ اور جو noun ایک سے زیادہ اشخاص اور چیزوں کو ظاہر کرے Plural Noun کہلاتا ہے، جیسے Pens, Pencils, Copies, Bags وغیرہ

Noun کو plural بنانے کا سب سے آسان طریقہ یہ ہے کہ noun کے آخر میں "s" لگائیں مگر انگریزی میں تمام noun اس طرح plural نہیں بنائے جاسکتے ہیں۔ البتہ کچھ noun اس طرح plural بنائے جاسکتے ہیں

### Noun کے آخر میں "s" لگا کر

| Singular | Plural | Singular | Plural |
|---|---|---|---|
| Boy | Boys | Chair | Chairs |
| Flower | Flowers | Pen | Pens |

### ایسے noun جن کے آخر میں "s, sh, ch" یا "x" ہو، "es" لگا کر

| Singular | Plural | Singular | Plural |
|---|---|---|---|
| Class | Classes | Mass | Masses |
| Catch | Catches | Match | Matches |

### "o" پر ختم ہونے والے noun کے آخر میں "s" لگا کر

| Singular | Plural | Singular | Plural |
|---|---|---|---|
| Photo | Photos | Kilo | Kilos |
| Ratio | Ratios | Piano | Pianos |
| Solo | Solos | Logo | Logos |

Written by Muhammad Matloob